# مطبوعات

**ماہنامہ فیض عشاقِ رسولؐ نمبر** مدیر: قاضی محمد حمید فضلی - بہ اہتمام: ادارہ فیوضاتِ مجددیہ، خانقاہ فضلیہ شیر گڑھ، تحصیل و ضلع مانسہرہ - قیمت: خاص نمبر ۱۵/- روپے

ہر دینی ادارے سے مجھے ایک محبت ہے اور جب کسی کی طرف سے خدمتِ دین کا کوئی بھی کام کیا جائے تو دل میں مسرت کی لہر اُٹھتی ہے۔ مگر کسی کام کے متعلق جب یہ تاثر ملے کہ اس میں فرقہ وارانہ رسہ کشی کا اسلوب ہے یا وہ کام آج کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو دین کے قریب لانے کے بجائے دور دھکیل دے گا تو جذبوں پر اوس سی پڑ جاتی ہے۔

ادارۂ فیوضاتِ مجددیہ کا وجود مبارک، ماہنامۂ فیض اور اس کے خاص نمبر کی اشاعت مبارک! اس میں سرکارِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جتنی باتیں حقائقِ ثابتہ کے درجے میں لکھی گئی ہیں وہ بھی مبارک۔ مگر زبان اور اندازِ بیان، حضورؐ کی تخلیق اور آپؐ کے معجزاتی مرتبے کے سلسلے میں دیر مرتبہ برحق) صوفیانہ پُراسراریت، کمزور روایات کے سہارے قائم ہے۔ اس کا اثر عملی زندگیوں کی اصلاح اور معاشرے کی تطہیر کے سلسلے میں معتدبہ نہیں پڑتا۔ مستند حقائق، سرسری قسم کی روایات اور صوفیانہ اور واعظانہ نکات کے ساتھ ترکیب یافتہ ہیں۔ سلسلۂ نبوت کا سارا تعلق خدا کے اس ابتدائی فرمان سے ہے کہ فاما یاتینکم منی ھدًی فمن تبع ھدای فلا خوف علیھم ولا ھم یحزنون۔ آدم علیہ السلام سے لے کر حضورؐ تک سارے انبیاء خدا کا پیغامِ حق اور ضابطۂ ہدایت لے کر آئے اور سب کو اللہ تعالیٰ نے اسوہ و مطاع قرار دیا۔ یہ ہے سب سے بڑی حقیقت! رسول اور نبی کے بجائے حبیب اور محبوب کے الفاظ استعمال کرنے سے پیغمبر کی نہ داعیانہ حیثیت سامنے آتی ہے، نہ مطاع ہونے کا مرتبہ نمایاں ہوتا ہے۔ وہاں ایسی محبت درکار ہے جس کا نتیجہ اطاعت و اتباع ہو، نہ یہ کہ بجائے خود جنونِ عشق ہی شریعت بن جائے۔

ادارۂ تبیغ اگر حضرت مجدد کو معیار کے طور پر سامنے رکھے تو کوئی الجھن نہ رہے گی۔

وقت کے معزز و محترم علما سے نہایت درجہ نیازمندی کے ساتھ میری گذارش یہ ہے کہ وہ فتنہ ہائے دوراں، نفسیاتِ نوجوانان، اصطلاحاتِ رائجہ اور وقت کے ذوقِ مطالعہ و تصنیف کو اچھی طرح سمجھ کر کام کو آگے بڑھائیں۔ محض اپنی افتادِ طبع کے مطابق اپنا جی خوش کر لینا اصل مطلوب نہ ہو، اصل مطلوب دوسروں کو، خصوصاً جدید دور کے نوجوانوں کو متاثر کرنا ہو۔

میں نے یہ خیر خواہانہ باتیں بڑے اخلاص سے لکھی ہیں۔ اور دعا کرتا ہوں کہ ادارۂ فیض کو پہلے جو بدگمانی اور رنجش مجھ سے ہوئی ہے وہ مٹ جائے اور چھوٹے مرتبے کے ایک آدمی کی دردمندانہ گذارشات قابلِ غور قرار پائیں۔ یقین رکھیں کہ میرے اندر عناد اور گستاخی کا کوئی رجحان موجود نہیں ہے۔

---

**عربی نگارشاتِ عالیہ** | تالیف و ترجمہ: الشیخ نذیر حسین۔ ناشر: المنار بک سنٹر، ملتان روڈ منصورہ لاہور (یکے از مطبوعات مرکز معارف اسلامی منصورہ، لاہور)۔ ضخامت: ۳۴۴ صفحات۔ سفید کاغذ پر اچھی طباعت اور آرٹ کارڈ کا سہ رنگا سرورق۔ قیمت درج نہیں۔

عربی جیسی اعلیٰ زبان سے بہترین نگارشات کا انتخاب کر کے ان کا سلیس ادبی اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے اور اس انتخاب میں الہامی ادب پارے بھی، انسانی کاوشوں کے ساتھ ساتھ شامل ہیں۔ ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ صاحب نے پیش لفظ میں لکھا ہے کہ: "شیخ صاحب کا حسنِ نظر اور حسنِ انتخاب قابلِ داد ہے"۔ "وہ عربی اور اردو دونوں زبانوں کا ستھرا ذوق رکھتے ہیں"۔ "یہ منتخب تحریریں دینی اور اخلاقی لحاظ سے نہ صرف سبق آموز ہیں بلکہ عبرت خیز بھی"۔ ہم اس سے بڑھ کر کیا کہہ سکتے ہیں۔ خصوصی اہمیت اس مقصد کو حاصل ہے جسے شیخ صاحب نے خود بیان کیا ہے کہ یہ منتخب نگارشات "ہماری قومی روایات کی حامل، ہماری ثقافتی اقدار کی آئینہ دار اور عوامی زندگی کی ترجمان ہوں"۔

ہر چند کہ میں نے پوری کتاب کو حاصل ہوتے ہی اچھی طرح پڑھا ہے، مگر کہنے کی باتیں وہی

ہیں جو اُوپر آگئی ہیں، اس سے زیادہ اپنا "اقول" لگانا لغافلی ہوگی۔ پڑھے جانے کے لائق جو تھوڑی کتابیں چھپتی ہیں۔ یہ ان میں سے ایک ہے۔

پیش لفظ دیباچے اور فہرستِ مآخذ کے علاوہ ایک سو ایک منتخب تحریریں اس میں شامل ہیں، جن میں ایمان و اخلاق، اسلامی معاشرت، تاریخ و سیاست اور ادب و ثقافت کی قدریں چمک رہی ہیں۔ ہمیں شیخ نذیر حسین صاحب سے قوی اُمید ہے کہ وہ اِس کتاب کا اگلا حصہ بھی جلد پیش کریں گے۔

---

**معرکۂ سنّت و بدعت** تالیف: محمد اشفاق حسین ناظم مجلسِ احیائے توحید و سنّت حیدر آباد (انڈیا)، ناشر: مجلسِ احیائے توحید و سنّت۔ ملنے کے پتوں میں سے ایک: مؤلف سے پتہ ذیل پر طلب کریں، الاوہ بی بی۔ حیدر آباد (اے پی) ۲۳۔ انڈیا۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت: ۷/۵ روپے

یہ کتاب مجھے خاصی اہم معلوم ہوئی۔ اس میں ایک تو سنّت اور اس کے بالمقابل بدعت کی حتمی تعریف مستند حوالوں اور دلائل سے سامنے آتی ہے۔ دوسرے سنت و بدعت کے سلسلے میں سلف اور حال کے ۲۵ معروف علما کے ارشادات پیش کیے گئے ہیں۔ پھر "بدعتِ حسنہ" کی اصطلاح سے پیدا ہونے والے مغالطوں کا ازالہ کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں بدعات کی بہت سی ایسی مثالوں کا تذکرہ ہے جن کا تذکرہ محدثین اور فقہا کی کتابوں میں ہے اور ان پر توجہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہم کس طرح ہر قسم کے مروجات کے سیلاب میں بہے جا رہے ہیں اور حقیقت کا کچھ پتہ نہیں۔

اپنے دین کو خدا کے لیے خالص اور نبی کی سنّت کے مطابق بنانے میں اس کتاب سے بہت مدد مل سکتی ہے۔

---

**اشاعت ہائے خاص اُردو رسائل** مرتبہ حکیم نعیم الدین زبیری۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد، کراچی ۱۸۔ صفحات: ۲۷۰، طباعتی معیار پسندیدہ، مجلد مع رنگین گرد پوش قیمت: ۴۵/۰ روپے

ہمدرد لائبریری اچھی بڑی لائبریری ہے۔ اس میں ۵۰ ہزار مطبوعہ کتب، علاوہ ازیں مخطوطات، پھر پانچ سو عنوانات کے تحت پاکستان کے اہم اخبارات کے جمع کردہ تراشے، دس ہزار کے قریب تصاویر،

ڈاک کے ٹکٹ اور اہم رسائل موجود ہیں۔ ایک شعبہ قرآن حکیم کے تراجم کا ہے، ساتھ ہی طبی موضوعات پر لٹریچر جمع کیا جارہا ہے۔

پیشِ نظر کتاب کتب خانۂ ہمدرد کی ایک توضیحی فہرست ہے۔ کام یہ کیا گیا ہے کہ اُردو کے بیشتر اہم رسائل کے تمام خاص نمبروں کے مندرجات کا مع مضمون نگار ان کے تعارف کرایا گیا ہے۔ ذہانت اور وسائل دونوں یکجا ہو جائیں تو کام کرنے والے نئی راہیں نکال لیتے ہیں۔ ہمدرد فاؤنڈیشن اور ہمدرد سنٹر کے تحت جو مختلف کام ہو رہے ہیں ان کے پیچھے حکیم محمد سعید صاحب کا تخلیقی ذہن کارفرما ہے۔ وہ نئی منزلیں سامنے رکھ کر جادہ ہائے نو خود پیدا کرتے ہیں۔ اس کتاب میں اُردو رسائل کے خاص نمبروں کا جو خاکہ دیا گیا ہے۔ وہ ہماری دینی، علمی، ادبی اور تہذیبی تاریخ کے ابواب کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ یہاں جناب مسعود احمد برکاتی صاحب کے لکھے ہوئے حرفِ اوّل کی دو سطریں پیش کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ لکھتے ہیں: "مغربی دنیا ہو یا اسلامی دنیا، دینی تحریکیں ہوں یا سماجی رجحانات، سائنسی پیش رفت ہو یا ایجاد و اختراع کی اطلاعات، امن و صلح کی تدبیریں ہوں یا تصادم اور محاربات کی زور آزمائیاں، کتابوں سے پہلے رسائل میں منعکس ہوتی ہیں۔" کیا بات کہی ہے جو اب تک اپنے جی میں نہ آئی تھی۔

ہر چند یہ کتاب عام مطالعہ کی کتاب نہیں ہے مگر دینی، علمی اور ادبی و صحافیانہ کام کرنے والوں کے لیے ایک ایسا جامع انڈکس ہے کہ جو ان کی کاوشوں میں بہت مددگار ہوگا۔

---

**دستِ زرفشاں** از جناب صبا اکبر آبادی۔ ناشر: جنید حقیار، فاروقی جمیل، اے ۳/۷۹ گلشنِ اقبال کراچی۔ خوبصورت مصور طباعت، مجلد مع گردپوش۔ قیمت: ۴۵/- روپے

کہنے کو یہ رباعیاتِ عمر خیام کا منظوم اُردو ترجمہ ہے، مگر جناب صبا نے ایسے گلستان آراستہ کیے ہیں کہ پڑھتے ہوئے عمر خیام فراموش ہو جاتا ہے۔ پہلا ورق پڑھ کر ہی میں حیرت زدہ رہ گیا۔ ذرا بھی تو یہ محسوس نہیں ہوتا کہ صبا صاحب کی رباعیات ترجمہ کی تعریف میں داخل ہیں۔ دراصل عمر خیام کی ایک ایک رباعی کو ذہن میں جذب کر کے پھر اسے صبا صاحب نے اُردو میں سوچ کر اپنی طرف سے آزادانہ طرز پر لکھا ہے۔ خوبی یہ کہ عمر خیام کے فلسفیانہ اور متصوفانہ خیالات کو ایسی شاداب شاعری کے قالب میں ڈھالا ہے کہ کسی تشریح کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ پھر کمال یہ کہ ۱۷۸ رباعیوں کا ترجمہ

آٹھ دس دن میں کیا گیا ہے اور اردو رباعی کی بحر کی پابندی کے ساتھ۔

کتاب سہ آتشہ یوں ہو گئی کہ ہر صفحے پر عمر خیام کی رباعی کا اردو ترجمہ پیش کرنے کے ساتھ فٹنز جیرالڈ کا انگریزی ترجمہ (۱۸۶۱ء) بھی درج کر دیا گیا ہے۔ چوتھی رنگینی یہ کہ عمر خیام کی رباعیات میں کام کرنے والے شاعرانہ مزاج سے ہم آہنگ کچھ مصوری کے نمونے بھی شامل کتاب ہیں۔ طباعت آرٹ پیپر پر آفسٹ سے ہے اور اردگرد سادہ رنگین حاشیہ ہے۔

یہ مجموعہ اشعار اردو میں ایک قیمتی اضافہ ہے۔

---

## اجمالی تذکرہ

**حرمتِ شراب** | الشیخ عثمان بن عبدالقادر الصافی۔ اردو ترجمہ: ابو عبداللہ ریاض شیخ۔ پتہ: پاک مسلم اکادمی، ۱۷۔ اردو بازار لاہور۔ مفت تقسیم۔

**اعمال اور نیت** | محمد اکرام قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ مفت تقسیم۔

**نماز اور روزہ** | محمد اکرام قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ مفت تقسیم۔

**نکات سورۂ فاتحہ** | از علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا نشتر روڈ کراچی ۵ ارزاں قیمت: ۵۰/- پیسے

**اسلامی تہذیب اور آداب معاشرت** | از پروفیسر ابوبکر غزنوی مرحوم۔ ناشر: احیائے دین لائبریری مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ۔ غالباً مفت تقسیم۔

**نورانی قاعدہ (برائے تعلیم قرآن)** | از محمد ابوبکر صدیق قاسمی۔ ملنے کا پتہ قاری محمد عبدالسلام قاسمی گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول ملتان۔ قیمت: درج نہیں۔

**انسان کی نجات و فلاح** | از مولانا سید مودودیؒ۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ۔ مفت تقسیم۔

**وقت کی قدر کیجیے** | از علی اصغر چوہدری۔ ناشر: ادارۂ علم و عمل، نزد شاہ لطیف گیسٹ،

ٹنڈو آدم۔ قیمت برائے تبلیغ -/۵ روپے برائے دس کاپی۔

**ہمارے پیارے نبیؐ** | از حافظ نذر احمد پرنسپل شبلی کالج لاہور۔ ناشر: احیائے دین لائبریری مسجد ضلع کچہری، سیالکوٹ۔ مفت تقسیم۔

**انتخابات اور ہم** | از محمد اکرام قریشی۔ ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ غالباً برائے مفت تقسیم۔

**چھوٹی قسمیں** | از مولانا محمد یوسف قریشی، مہتمم جامعہ اشرفیہ پشاور۔ ناشر: موتمر المولفین جامعہ اشرفیہ پشاور۔ قیمت: ایک روپیہ۔

**انٹرویو** | پرنسپل تعلیم القرآن خط و کتابت اسکول لاہور سے ادارہ اُردو ڈائجسٹ نے لیا۔ ملنے کا پتہ۔ تعلیم القرآن خط و کتابت اسکول پوسٹ بکس ۱۷۱۲۔ لاہور ۵۔

---


عزم و عزیمت کی لازوال داستان

## یادوں کی امانت

سید عمر تلمسانی

ترجمہ: حافظ محمد ادریس

فوٹو آفسٹ کتابت • سفید درآمدی کاغذ • مضبوط جلد

البدر پبلی کیشنز۔ ۲۳۔ راحت مارکیٹ۔ اردو بازار لاہور ۲